حرفِ اوّل

قرآن کالج میں تعلیم کا آغاز

الحمدللہ کہ ماہِ اکتوبر کی ۱۰ تاریخ سے، حسبِ پروگرام، مرکزی انجمن خدّام القرآن لاہور کے زیرِ اہتمام ایک نئے تعلیمی منصوبے قرآن کالج میں سلسلۂ تعلیم کا آغاز ہوگیا ہے۔ یہ درست ہے کہ قرآن کالج میں داخلے کے لئے ہماری توقع سے بہت کم درخواستیں موصول ہوئیں۔ تاہم یہ تعداد اتنی کم نہ تھی کہ کلاس شروع نہ کی جاسکتی۔ قارئین کرام اور بالخصوص اراکینِ انجمن کی دلچسپی کے پیشِ نظر ہم داخلوں سے متعلق مختصر کوائف رقم کر رہے ہیں۔

قرآن کالج میں داخلہ کے لئے کُل ۴۲ درخواستیں موصول ہوئیں۔ تمام طلبہ کو ٹیسٹ اور انٹرویو کے لئے مدعو کیا گیا۔ لیکن ٹیسٹ میں صرف ۲۶ طلبہ نے شرکت کی۔ ان میں سے ۲۲ طلبہ کا داخلہ منظور کیا گیا۔ اور ۱۷ طلبہ نے داخلہ لیا۔ اس طرح اللہ کے فضل وکرم سے قرآن کالج میں بی اے سال اوّل کی کلاس کا آغاز ۱۷ طلبہ سے ہوا۔

مؤرخہ ۱۰ اکتوبر بروز ہفتہ تعلیم کے آغاز کے سلسلہ میں ایک پُروقار تقریبِ دعا منعقد ہوئی جس میں انجمن کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے طلبہ سے خطاب فرمایا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی، جامعہ اشرفیہ لاہور کے شیخ الحدیث محترم مولانا محمد مالک کاندھلوی صاحب نے بھی طلبہ سے خطاب کیا اور دعاءِ خیر فرمائی۔ اس تقریب کی رپورٹ متعدد مقامی روزناموں میں شائع ہوئی تھی۔ روزنامہ 'مشرق' نے اس سلسلے میں جو خبر شائع کی وہ ہدیۂ قارئین ہے۔